Daily PUBLIC KARACHI

روزنامہ پبلک کراچی

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 12 | جمعرات 12 نومبر 2026ء، یکم جمادی الثانی 1448ھ، صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ 232

موسمیاتی واقعات سے دنیا کا کوئی بھی ملک محفوظ نہیں، کوپ کانفرنس

وزیراعظم کی شام کے صدر، او آئی سی سیکرٹری جنرل، سربراہ عالمی بینک سے بھی گفتگو، ماحولیاتی تبدیلیاں یکساں خطرہ، موسمیاتی بحران سے نمٹنے کیلئے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، اردوان

کم وسائل، غذائی عدم تحفظ، زیادہ کھپت انسانیت کیلئے خطرہ، غریب ممالک کی مالی، تکنیکی مدد یقینی بنائی جائے، ترک صدر، وزیراعظم شہباز شریف و دیگر کا کانفرنس سے خطاب



الطالیہ: وزیراعظم شہباز شریف اور دیگر عالمی رہنماؤں کا COP31 کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے موقع پر گروپ فوٹو

الطالیہ (نیوز ایجنسیاں) وزیراعظم محمد شہباز شریف اقوام متحدہ کی ماحولیاتی کانفرنس (کوپ 31) سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے بدھ کو یہاں کانفرنس ہال پہنچ گئے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق کوپ 31 کانفرنس ہال پہنچنے پر ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کا پرتپاک استقبال کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کا کوپ 31 کانفرنس میں شریک عالمی رہنماؤں کے ہمراہ گروپ فوٹو ہوا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کانفرنس میں شریک عالمی رہنماؤں سے ملاقات کی، ان سے مصافحہ کیا اور خیر سگالی کے جملوں کا تبادلہ کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

کوہاٹ اور کرک کے درمیان واقع علاقہ دربوچ جلندھر بانڈہ میں پولیس پارٹی پر فائرنگ کی گئی

پولیس کی گاڑی پر فائرنگ، 11 DSP سمیت اہلکار شہید، 12 زخمی

کوہاٹ اور کرک کے درمیان واقع علاقے دربوچ جلندھر بانڈہ میں غیر قانونی مائننگ کیخلاف آپریشن کیلئے جانے والی پولیس کی گاڑی پر فائرنگ کی گئی

پولیس کی گاڑیوں کو بھی جلایا گیا، شہید ہونے والوں میں ڈی ایس پی گمبٹ حیدر زمان، سب انسپکٹر مختیار بھی شامل، 12 زخمی، ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ

کوہاٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) کوہاٹ میں کبھٹ کوہاٹ کے علاقے میں غیر قانونی مائننگ کے خلاف آپریشن کے لئے جانے والی پولیس کی گاڑی پر فائرنگ کی بس کے نتیجے میں 11 پولیس اہلکار شہید ہو گئے۔ ترجمان کوہاٹ پولیس نے بتایا کہ پولیس کی گاڑیاں بھی جائے وقوعہ کی طرف روانہ ہوگئیں، دہشت گردوں کی طرف سے پولیس پر فائرنگ جاری ہے جب کہ پولیس کی بھاری نفری طلب کرلی گئی ہے۔ ترجمان پولیس نے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

سیکورٹی فورسز کے ہاتھوں گرفتار افغان دہشتگرد کا خودکش حملہ آور تیار کرنے کا اعتراف

تیراہ سے افغان نیشنل آرمی کا تربیت یافتہ دہشت گرد گرفتار، خارجی کی شناخت حکمت اللہ عرف حمزہ کے نام سے ہوئی ہے

سرحد پار سے پاکستان آنے والا کوئی بھی شخص اب بچ کر نہیں جاسکے گا، تعلق افغانستان کے صوبے پکتیا کے کلاں منگریاں سے ہے، عباس احسن

پشاور (خصوصی رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی ایبٹ آباد ریجن خواجہ عباس احسن اور ترجمان خلافتی ترقی کونسل محمود جان بابر نے کہا ہے کہ افغان نیشنل آرمی کا تربیت یافتہ دہشت گرد گرفتار، خارجی کی شناخت حکمت اللہ عرف حمزہ کے نام سے ہوئی ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)



جسٹس جمال خان مندوخیل کی عدالتی منصب سے سبکدوشی کے موقع پر چیف جسٹس اور سپریم کورٹ کے معزز ججز کی گروپ فوٹو

جہلم میں کیتھ لیب اینجیو پلاسٹی کیلئے 24 گھنٹے سے زیادہ ٹائم نہ دیا جائے، مریم نواز

پراجیکٹ کا افتتاح

لوک گیت گا کر خراج تحسین پیش کیا، ہر ہسپتال میں جہلم کے عوام کو دل کے علاج کیلئے دوسرے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا، وزیراعلیٰ

260 دکانوں پر شیڈ، لائٹ، پلانٹر اور ریمپ نصب، جمنیزیم بحالی کا پراجیکٹ 11 کروڑ 95 لاکھ کی لاگت سے مکمل ہوگا

جہلم (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جہلم ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں کیتھ لیب پراجیکٹ کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈی ایچ یو جہلم کیتھ لیب میں وارڈ بیسڈ موبائل آپریشن تھیٹر اور دیگر شعبوں کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کیتھ لیب کے سٹور میں ادویات اور انجکشن وغیرہ کا معیار اور انکیپاسٹی چیک کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کنٹرول روم سے لائیو انجیوگرافی کا مشاہدہ کیا اور کیتھ لیب میں انجیو پلاسٹی کے بعد روبصحت مریضوں کی عیادت کی۔ ڈی جی کے ڈائریکٹر شہزاد نوید نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

ترہیلا اور منگلا ہائیڈل سسٹم میں خرابی، ملک میں بجلی کے شارٹ فال میں اضافہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) ترہیلا اور منگلا ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی سے ملک میں بجلی کے شارٹ فال میں اضافہ ہوگیا۔ مینٹیننس رپورٹ کے مطابق ترہیلا اور منگلا ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے ترہیلا کے 2 یونٹ بند ہوگئے جس کے سبب بجلی کی دستیابی میں کمی سے لاہور سمیت پنجاب (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

غیر قانونی سگریٹس کی فروخت 54 سے کم ہو کر 48 فیصد پر آگئی

سگریٹ سیکٹر سے ٹیکس وصولی 284 ارب روپے سے بڑھ کر 329 ارب روپے پر آگئی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) غیر قانونی سگریٹس کے خلاف حکومتی کریک ڈاؤن کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں، ملک میں غیر قانونی سگریٹس کی مارکیٹ میں حصہ داری 54 فیصد سے کم ہو کر 48 فیصد رہ گئی، سگریٹ سیکٹر سے ٹیکس وصولی 284 ارب روپے سے بڑھ کر 329 ارب روپے ہو گئی۔ اس حوالے سے سینئر فنانشل مارکیٹ ایجوکیشن مائیٹیاکی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق حکومتی اقدامات کے باعث سگریٹ سیکٹر سے ٹیکس وصولی 284 ارب روپے سے بڑھ کر 329 ارب روپے ہو گئی جس سے قومی خزانے کو 45 ارب روپے اضافی ٹیکس حاصل ہوا۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ سگریٹ کی غیر قانونی تجارت سے پاکستان کو سالانہ ایک ارب ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے جبکہ اس غیر قانونی کاروبار سے ضائع ہونے والی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

پی ٹی اے کی جانب سے فکسڈ لائن براڈ بینڈ سروسز کے معیار کا جائزہ

سروسز کے معیار میں بہتری کے لیے ضروری اصلاحی اقدامات کی ہدایات دی جاری ہیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے سال 2026ء کی تیسری سہ ماہی کے دوران فکسڈ براڈ بینڈ سروسز کے معیار کا جائزہ لینے کے لیے ملک کے مختلف بڑے شہروں میں فکسڈ لائن براڈ بینڈ سروسز کے معیار (کوالٹی آف سروس) کا جائزہ لینے کے لیے ٹیسٹ ورک اور صارفین کی سطح پر سروے کیے۔ ان سروے کا مقصد براڈ بینڈ سروس فراہم کرنے والے اداروں (پی ایس پیز) کی کارکردگی کو مقررہ معیارات کی روشنی میں جانچنا اور صارفین کو فراہم کی جانے والی انٹرنیٹ سروسز کے معیار کا جائزہ لینا تھا۔ جاری اعلامیہ کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

خیبر پختونخوا کا وفد پیڈمک کے صنعتی ترقیاتی ماڈل سے استفادہ کرنے کا خواہاں

سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے تجربات کا تبادلہ، سندر انڈسٹریل اسٹیٹ کا دورہ

لاہور (خصوصی رپورٹر) خیبر پختونخوا کی انڈسٹریل ڈویلپمنٹ کمپنی کے اعلیٰ سطحی افسران پر مشتمل وفد نے پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کا مطالعاتی دورہ کیا۔ اس موقع پر پیڈمک شہزاد اعظم خان اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی نے وفد کا خیر مقدم کیا۔ دورے کے دوران چیف آپریٹنگ آفیسر پیڈمک علی معظم سید نے وفد کو کمپنی کے دائرہ کار، تکنیکی و انتظامی ڈھانچے، صنعتی زونز کی منصوبہ بندی، ترقیاتی سرگرمیوں، انفراسٹرکچر کی فراہمی اور صنعتی سرمایہ کاروں کو فراہم کی جانے والی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اعظم نذیر تارڑ کا بین المذاہب ہم آہنگی اور امن کانفرنس سے خطاب

مشاورتی عمل کے بعد تمام مذہبی برادریوں کے اتفاق رائے سے کی گئی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف و انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ قومی کمیشن برائے حقوق اقلیت ایکٹ 2025ء، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حوالے سے ایک اہم قانونی پیش رفت ہے۔ اس قانون کی تیاری میں پاکستان کی مذہبی اقلیتی برادریوں سے وسیع مشاورت کی گئی اور تقریباً دو سال کے مشاورتی عمل کے بعد مختلف مذہبی برادریوں کی تجاویز اور آرا کی روشنی میں متفقہ مسودہ تیار کیا گیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام قومی بین المذاہب ہم آہنگی اور امن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے بتایا کہ وزیر برائے قانون و انصاف و انسانی حقوق کی حیثیت سے انہوں نے اس قانون سازی کے عمل کی قیادت کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ قومی کمیشن کے چیئرمین اور اراکین کی نامزدگی اور تقرری کا عمل وزیراعظم پاکستان اور قائد حزب اختلاف، قومی اسمبلی کے ذریعے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

سکھر پولیس کی کارروائیاں، 45 موبائل فونز اور 20 موٹر سائیکلیں برآمد

مسروقہ سامان قانونی کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے، متعدد ملزمان گرفتار

سکھر (خصوصی رپورٹر) ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری کی ہدایات پر پولیس نے چوری، اسنیچنگ اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث مختلف جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 45 موبائل فونز اور 20 موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں، جبکہ متعدد ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان سکھر پولیس کے مطابق برآمد ہونے والے 45 موبائل فونز میں تین قیمتی آئی فونز بھی شامل ہیں۔ پولیس نے 20 چوری اور چھینی گئی موٹر سائیکلیں بھی برآمد کیں۔ لاکھوں روپے مالیت کا سامان ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد اصل مالکان کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق ایس ڈی پی او کی سربراہی میں ایس ایچ اوز اور ڈیجیٹل انویسٹی گیشن ٹیم نے گرفتار ملزمان سے دوران تفتیش حاصل ہونے والی معلومات اور ان کی نشاندہی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

طالبات سے بدسلوکی ناقابل قبول

انٹر بورڈ عملہ فوری معافی مانگے، پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی

کراچی (خصوصی رپورٹر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی ویمن ونگ کی صدر عزیز فاطمہ، خاتون رہنماؤں نرگس خان، الماس خاتون، شاہدہ پی پی، بختاور اور رضا علی نے میٹرک اور انٹر بورڈ کے امتحانی نتائج میں مسلسل بے ضابطگیوں اور اپنے حق کے لیے احتجاج کرنے والی طالبات کے ساتھ مبینہ بدسلوکی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیمی بورڈ ز طلبہ کے مستقبل سے کھیلنے کے ساتھ اب ان کی عزت نفس کو بھی مجروح کر رہے ہیں۔ خواتین رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ انٹر بورڈ کے نتائج میں مبینہ نااہلی کے خلاف احتجاج کرنے والی طالبات کو ہراساں کیا گیا، ان کے برقعے کھینچے گئے، دھکے دیے گئے اور مار پیٹ کی دھمکیاں دی گئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ رویہ نہ صرف شرمناک ہے بلکہ طالبات کے بنیادی حقوق، عزت و وقار اور پرامن احتجاج کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

قدرتی آفات ایشیائی ترقیاتی بینک سے پاکستان کیلئے 50 کروڑ ڈالر قرض منظور

سیلاب سے ملکی معیشت کو 2.15 ارب ڈالر کا نقصان پہنچا، سیلاب نے 91 لاکھ افراد کو غربت میں دھکیل دیا، اے ڈی بی حکام

پروگرام کے تحت سیلاب، زلزلوں اور دیگر قدرتی آفات کے بعد فوری مالی وسائل کی فراہمی کا نظام بہتر بنایا جائے گا، اعلامیہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کے لیے قدرتی آفات سے نمٹنے اور بحالی کی تیاریوں کو بہتر بنانے کے لیے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی۔ اے ڈی بی کی اعلامیہ کے مطابق پروگرام کے تحت سیلاب، زلزلوں اور دیگر قدرتی آفات کے بعد فوری مالی وسائل کی فراہمی کا نظام بہتر بنایا جائے گا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق پاکستان کو قدرتی آفات سے سالانہ اوسطاً 2 ارب ڈالر کا نقصان ہوتا ہے، 2022 کے سیلاب سے پاکستان کو 14.9 ارب ڈالر کا براہ راست نقصان ہوا، سیلاب سے ملکی معیشت کو 2.15 ارب ڈالر کا نقصان پہنچا، سیلاب نے 91 لاکھ افراد کو غربت میں دھکیل دیا۔ پروگرام کے تحت سیلاب اور زلزلوں کے بعد پاکستان کو فوری مالی مدد مل سکے گی، آفات سے پہلے تیاری انسانی جانوں اور روزگار کے تحفظ میں مدد گار ہے۔



چیف جسٹس آف پاکستان اور سپریم کورٹ کے ججز مسٹر جسٹس جمال خان مندوخیل کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

سمموگ صورتحال بہتر، مکمل قابو پانے کیلئے فورس موجود ہے، مریم اورنگزیب

ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر زیرو ٹالرنس پالیسی، خلاف ورزی کرنے والے بھٹوں کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے

فضائی آلودگی پر قابو پانے اور عوام کو صاف ماحول فراہم کرنے کیلئے حکومتی اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا، صوبائی وزیر

لاہور (نمائندہ خصوصی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ لاہور میں سموگ کی صورتحال میں 23 سے 64 فیصد تک بہتری آئی ہے۔ سموگ کے تدارک کیلئے حکومتی اقدامات سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ فضائی آلودگی اور سموگ انتہائی حساس معاملہ ہے، جس کا براہ راست تعلق عوامی صحت سے ہے، سموگ کی شدت میں اضافے کے مختلف عوامل کارفرما ہوتے ہیں، جن پر قابو پانے کیلئے پنجاب حکومت نے متعدد اقدامات کئے ہیں، ماضی میں ہمارے پاس ایئر کوالٹی مانیٹر بھی موجود نہیں تھا، تاہم اب سموگ پر قابو پانے کیلئے انوائرمینٹل فورس قائم کی گئی ہے۔ سینئر صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ پنجاب میں 14 ہزار اینٹوں کے بھٹوں کو زگ زیگ ٹیکنالوجی پر منتقل کیا گیا ہے، ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے اور خلاف ورزی کرنے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)



گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر شزہ فاطمہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کی عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں

غزہ اور خطے کی صورتحال سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

فلسطینی عوام کے ساتھ حکومت اور پاکستان کے عوام کی جانب سے بھرپور یکجہتی کا اظہار

الطالیہ (خصوصی رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے الطالیہ، ترکیہ میں منعقدہ COP31 میں پاکستان کی نمائندگی کیلئے شرکت کے دوران عالمی رہنماؤں سے غیر رسمی ملاقاتیں کیں، جس میں غزہ اور خطے کی صورتحال سمیت مختلف امور زیر غور آئے۔ یہ وضاحت جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم کی مملکت سعودی عرب کے وزیر برائے توانائی شہزادہ عبدالعزیز بن سلمان آل سعود، بنگلہ دیش کے وزیر اعظم طارق رحمٰن اور اسلامی تعاون تنظیم کے سیکریٹری جنرل اسماعیل اولدیچ احمد سے ملاقاتیں ہوئیں۔ وزیراعظم کی فلسطین کے وزیراعظم محمد مصطفیٰ سے بھی ملاقات ہوئی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے گفتگو فلسطینی عوام کے ساتھ حکومت اور پاکستان کے عوام کی جانب سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔ فلسطینی وزیراعظم نے مالی سطح پر فلسطینی عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کے خلاف مؤثر انداز میں آواز اٹھانے اور فلسطینی موقف کی تائید پر حکومت اور پاکستان کے عوام کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعظم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

میڈیا سے معلوم ہوا بانی کو گزشتہ رات آنکھ کے انجکشن کیلئے پمز منتقل کیا گیا، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ میڈیا سے معلوم ہوا کہ بانی کو گزشتہ رات آنکھ کے انجکشن کے لیے پمز ہسپتال منتقل کیا گیا۔ ایک بیان میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ سپریم کورٹ کے 18 اگست کے حکم کے فوری اور مکمل نفاذ کا مطالبہ دہراتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدالت کی جانب سے ہدایت کی گئی تھی کہ بانی کو طبی معائنے اور علاج کے لیے شفا انٹرنیشنل منتقل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

مطالبات نہیں طریقہ کار سے مسئلہ ہے، گورننس مسائل کا حل انتشار نہیں، افتخار گیلانی

ہماری صفوں میں ایسے لوگ آگئے جو جذبات کو ابھار کر اپنے عزائم کیلئے استعمال کرتے ہیں، ہرٹ برقرار رہی تو ریاست بھی نہیں بچے گی

ایسی گفتگو نہیں کرنی چاہیے کہ انتشار پھیلے، امن ناگزیر ہے، کرنل خان محمد خان، کیپٹن محمد حسین شہید کی برسی کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (خبر نگار) وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ اپنے ہیروز کو یاد رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ ہمیں اپنے اسلاف اور آباؤ اجداد کی جدوجہد اور قربانیاں دیکھ کر خوشی ہوتی ہے۔ کبھی بھر آتا تحریک تعلیم کے فروغ کے لیے ایک الو نہ تھی۔ جب میٹرک پاس کرنا مشکل تھا، اس وقت برطانیہ سے اعلیٰ تعلیم دلوانا، بہت بڑی بات تھی۔ اس تعلیمی جدوجہد کے اثرات آج بھی پونچھ میں نظر آتے ہیں۔ رمدھن ایجوکیشنل کانفرنس کے زیر اہتمام بابائے پونچھ کرنل خان محمد خان اور کیپٹن محمد حسین شہید کی برسی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم افتخار گیلانی نے کہا کہ کیپٹن محمد حسین شہید نے تحریک آزادی کے لیے اپنا سب کچھ قربان کر دیا، غازی ملت سردار ابراہیم خان نے تحریک آزادی کے لیے بے مثال خدمات انجام دیں۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ آزاد کشمیر اس وقت مشکل حالات سے گزر رہا ہے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)



قائمقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سیاسی پارٹیوں اور حکومت میں محاذ آرائی ہے، آمنے سامنے ہیں

بلاول بھٹو زرداری نے 10 لاکھ گھروں کی فراہمی کا وعدہ پورا کر دیا ہے

20 لاکھ گھر مزید بنائیں گے، سینیٹر پلوشہ خان اور سینیٹر شہادت اعوان

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سینیٹر پلوشہ خان اور سینیٹر شہادت اعوان نے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے 10 لاکھ گھروں کی فراہمی کا وعدہ پورا کر دیا ہے، 20 لاکھ گھر مزید بنائیں گے، بلاول بھٹو زرداری نے حکومت کو اصلاح کا مشورہ دیا ہے، نفرت کی سیاست کے بجائے برداشت کی سیاست کا کردار ادا کیا جائے، ہم اپوزیشن سے امید کرتے ہیں کہ وہ انگلی اصلاحات کی طرف بڑھائے گی، ہم اپوزیشن سے گلہ ارش ہے کہ بلاول بھٹو (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14) ترمیم کے لیے پیپلز پارٹی کا کوئی رکن نہیں ٹوٹے گا، سندھ اسمبلی سے بلدیاتی تقسیم کے خلاف 6 بار قرارداد پاس منظور کر چکی ہے جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی آئین اور عوام کے ساتھ کھڑی ہونے والی پارٹی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر پلوشہ خان نے سینیٹر شہادت اعوان کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گھروں کی فراہمی کا منصوبہ سندھ میں مکمل کر دیا گیا ہے۔ وزیراعظم سے گلہ ارش ہے کہ بلاول بھٹو (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

کسانوں کو گندم کی مقررہ امدادی قیمت کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی، رانا تنویر حسین

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ حکومت نے گندم کی امدادی قیمت 4500 روپے فی من مقرر کی ہے اور کسانوں کو مقررہ امدادی قیمت کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ اپنے بیان میں رانا تنویر حسین نے کسانوں پر زور دیا کہ وہ فی ایکڑ پیداوار بڑھانے کے لیے کھادوں کا متوازن استعمال یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ کھادوں کا غیر متوازن استعمال (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)



پیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے معاشی امور سے ماہرین کی ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

LPG قیمت مقرر کرنے کا اختیار او گرا سے واپس، کمپنی نرخ طے کرے گی

منظور شدہ دکانوں پر فروخت، عوام خالی سلنڈر دکاندار کو دیں گی اور بھرا سلنڈر لے جائیں گی تاکہ عوام کو حادثات سے بچایا جائے

غیر قانونی فروخت پر کارروائی کا فیصلہ، مافیا سے عوام کی جان چھڑانے کے لیے حکومت نے اقدامات شروع کر دیے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ایل پی جی مافیا کو کنٹرول کرنے اور عوام کو سستی سرکاری قیمت پر ایل پی جی فراہم کرنے کے لیے ایل پی جی قیمت کا تعین اوگرا کے بجائے پی ایس او سمیت دیگر کمپنیوں پر منتقل بتائی جانے والی پیشکش کرے گی، قیمت مقرر کرنے کے اختیارات اوگرا سے لے لیے گئے۔ ایل پی جی کی فروخت صرف قوانین کے تحت بننے والے ایل پی جی پمپس اور دکانوں سے ہوگی جبکہ غیر قانونی طور پر ایل پی جی فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی شروع ہوگی، عوام خالی سلنڈر دکاندار کو دے گی اور بھرا ہوا سلنڈر لے جائے گی تاکہ عوام کو حادثات سے بچایا جائے۔ حکومت کمپنیوں کے ساتھ مل کر سستے اور معیاری سلنڈر مارکیٹ میں فروخت کرے گی۔ ایل پی جی مافیا سے عوام کی جان چھڑانے کے لیے حکومت نے اقدامات شروع کر دیے، اب اوگرا کے بجائے پی ایس او (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)



صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق اور ریشم سنگھا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

طالبات سے بدسلوکی ناقابل قبول

سی ڈی اے کا خواتین کیلئے پنک الیکٹرک بس متعارف کرانے کا فیصلہ

پنک بس صرف ورکنگ ویمن، طالبات، بزرگ خواتین کیلئے مختص ہوگی، حکام سی ڈی اے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے خواتین کے لیے پنک الیکٹرک بس متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ سی ڈی اے حکام کے مطابق پنک بس صرف ورکنگ ویمن، طالبات اور بزرگ خواتین کیلئے مختص ہوگی۔ حکام نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں 10 مختلف روٹس پر 30 پنک الیکٹرک (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

گورنر سندھ حمید نہال ہاشمی سے وفاقی وزیر عطیہ عباسی ملاقات کر رہے ہیں

اداریتی صفحہ

ایران امریکا کشیدگی کا سفارتی

عالمی سیاست کا منظر نامہ اس وقت ایک ایسے نازک موڑ پر کھڑا ہے جہاں جنگی قوت، انتخابی نتائج، داخلی سیاسی اضطراب اور سفارتی حکمت عملی ایک دوسرے کے مستقبل کا تعین کر رہے ہیں۔ واشنگٹن کے ایوان اقتدار سے تہران کے سیاسی مراکز تک اور تل ابیب کی سیاسی بساط سے دوحہ کی سفارتی راہداریوں تک پھیلی ہوئی سرگرمیاں اس حقیقت کی نشان دہی کرتی ہیں کہ موجودہ عالمی بحران محض دو ممالک کے درمیان کشمکش نہیں بلکہ طاقت کے روایتی تصورات، علاقائی بالادستی اور بین الاقوامی نظام کی نئی تشکیل کا معاملہ بن چکا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران پر ممکنہ حملوں کے امکانات کو مذاکرات میں پیش رفت سے مشروط کرنا بظاہر مفاہمت کی ایک کھڑکی کھولتا ہے، لیکن تہران کی جانب سے مذاکراتی راہ لوں کی عدم موجودگی کا اعلان اس امید کو فوری طور پر حقیقت میں تبدیل ہونے سے روک رہا ہے۔ یہی تضاد موجودہ سفارتی صورت حال کا بنیادی جوہر ہے کہ دونوں فریق جنگ سے بچنے کی خواہش کے باوجود اپنے اپنے قومی مفادات اور سلامتی کے تقاضوں پر جھوتے کے لیے آمادہ دکھائی نہیں دیتے۔

امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی کی جڑیں محض حالیہ واقعات تک محدود نہیں۔ اس تنازعے میں جوہری پروگرام، علاقائی اثر و رسوخ، اقتصادی پابندیاں، بحری راستوں کا تحفظ اور مشرق وسطیٰ میں طاقت کا توازن جیسے متعدد پیچیدہ عوامل شامل ہیں۔ ٹرمپ کا یہ کہنا کہ مذاکرات میں پیش رفت کی صورت میں حملے کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہوں گے، ایک اہم سیاسی اشارہ ضرور ہے، تاہم سفارت کاری میں محض بیانات کافی نہیں ہوتے۔ اس کے لیے اعتماد سازی، واضح ضمانتوں اور قابل عمل اقدامات کی ضرورت ہوتی ہے۔ دوسری طرف ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کی جانب سے امریکی وسلامتی انتخابات کے بعد بھی مذاکراتی پیش رفت اور ثالثوں کے دوروں کی تردید بھی اس امر کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ سفارتی عمل فی الحال تعطل کا شکار ہے۔ اس تعطل کے معاشی اور جغرافیائی اثرات بھی کم سنگین نہیں۔ عراق کے وزیر خارجہ فواد حسین کا یہ انکشاف کہ واشنگٹن نے ایران کے ساتھ صرف دو سرحدی راستوں کے علاوہ دیگر سرحدی گزرگاہیں بند کرنے کا مطالبہ کیا ہے، اس بات کی علامت ہے کہ اقتصادی دباؤ کو سفارتی مذاکرات میں ایک موثر ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ تاہم پابندیوں کا دائرہ وسیع کرنے سے صرف مطلوبہ ریاست متاثر نہیں ہوتی بلکہ ہمسایہ ممالک کی تجارت، سرحدی معیشت اور علاقائی روابط بھی مشکلات سے دوچار ہوتے ہیں۔

ایران اور عراق کے درمیان اقتصادی تعلقات پر دباؤ کا نتیجہ دونوں ممالک کے عوام اور کاروباری حلقوں کو بھگتنا پڑ سکتا ہے۔ اسی طرح آبنائے ہرمز کے مشرق میں آئل ٹینکر کا بارود کی سرنگ سے ٹکرا کر آگ کی لپیٹ میں آنا محض ایک بحری حادثہ نہیں بلکہ عالمی توانائی کی رسد کے لیے خطرے کی گھنٹی ہے۔ یہ گزرگاہ عالمی تیل کی تجارت میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ یہاں کسی بڑے تصادم کی صورت میں تیل کی قیمتوں، بحری بیمہ، تجارتی اخراجات اور عالمی منڈیوں میں شدید بے یقینی پیدا ہو سکتی ہے۔ اس لیے اس اہم آبی گزرگاہ کو عسکری محاذ آرائی سے محفوظ رکھنا تمام متعلقہ ممالک کی مشترکہ ذمے داری ہے۔ اس تمام صورت حال میں قطر کی سفارت کاری ایک اہم امید بن کر سامنے آئی ہے۔ امریکی صدر اور قطری وزیر اعظم شیخ محمد بن عبدالرحمان آل ثانی کی وائٹ ہاؤس میں مجوزہ ملاقات اس اعتبار سے اہم ہے کہ دوحہ امریکا اور ایران کے درمیان رابطوں کا ایک قابل اعتماد ذریعہ بننے کی کوشش کر رہا ہے۔ قطر کی جغرافیائی حیثیت، امریکا کے ساتھ اس کے تعلقات اور ایران کے ساتھ اس کے علاقائی روابط اسے ایسا سفارتی کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں جو براہ راست متحارب فریقوں کے درمیان رابطے برقرار رکھ سکے۔ تاہم ثالثی کا عمل محض ملاقاتوں اور خوش گمانیوں سے کامیاب نہیں ہوتا۔ اس کے لیے دونوں جانب سے سیاسی لچک، قابل قبول شرائط اور باہمی اعتماد ضروری ہیں۔ پاکستان، قطر، سعودی عرب اور ترکیہ سمیت خطے کے بااثر ممالک بھی اس بحران کے پُرامن حل میں مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ پاکستان کا سفارتی تجربہ، ایران کے ساتھ جغرافیائی قربت اور کئی ممالک سے مضبوط تعلقات اسے کشیدگی میں کمی کے لیے ایک اہم معاون بناتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ علاقائی ممالک اپنی سفارتی قوت کو جنگ کے پھیلاؤ کے بجائے امن کے استحکام کے لیے استعمال کریں۔ امریکا کی داخلی سیاست میں ڈونلڈ ٹرمپ کی میگا تحریک کو انتخابی شکست کے بعد جن اختلافات اور خود احتسابی کا سامنا ہے، وہ بھی خارجہ پالیسی کے مستقبل پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ ری پبلکن پارٹی کی ناکامی کے بعد تحریک کے اندر یہ سوال اٹھنا کہ آیا سخت گیر قوم پرستی اور جارحانہ سیاسی طرز عمل نے خود جماعت کو نقصان پہنچایا ہے، امریکی سیاست میں ایک نئے فکری مرحلے کی نشاندہی کرتا ہے۔ جب کسی سیاسی تحریک کے حامیوں کا ایک نمایاں حصہ اس کی سمت پر سوال اٹھانے لگے تو قیادت کے لیے محض بڑھ بڑھ کر نعروں کے ذریعے اپنی سیاسی قوت برقرار رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ڈیموکریٹس کی جانب سے کانگریس میں اختیار ملنے کی صورت میں ایلون مسک اور اسٹیفن ملر کے کردار کی تحقیقات کا اعلان بھی امریکی جمہوری نظام میں احتساب کے بڑھتے ہوئے دباؤ کو ظاہر کرتا ہے۔ سرکاری ملازمین کی برطرفیوں، انتظامی اختیارات کے استعمال اور امیگریشن پالیسیوں کی قانونی حیثیت جیسے معاملات اب سیاسی بحث سے نکل کر ادارہ جاتی نگرانی کے دائرے میں داخل ہو سکتے ہیں۔ اس صورت حال میں ٹرمپ انتظامیہ کو اپنی پالیسیوں کا دفاع کرنے کے ساتھ کانگریس کے سامنے جواب دہی کے نئے تقاضوں کا سامنا بھی کرنا ہوگا۔

امریکی انتخابات کے نتائج کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ داخلی سیاسی دباؤ، خارجہ پالیسی میں لچک پیدا کرنے کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ جنگی مہمات، بیرون ملک فوجی اخراجات، توانائی کی قیمتوں اور معاشی بے یقینی کے اثرات بالآخر امریکی ووٹر کی زندگی تک پہنچتے ہیں، اگر عوام کی ترجیحات مہنگائی، روزگار، داخلی سلامتی اور معاشی استحکام ہوں تو مسلسل بیرونی محاذ آرائی سیاسی قیادت کے لیے بوجھ بن سکتی ہے۔ تاہم یہ سمجھنا بھی درست نہیں کہ انتخابی شکست لازماً امریکی پالیسیوں میں فوری تبدیلی لے آئے گی۔ امریکی ریاست کے ادارہ جاتی مفادات، دفاعی صنعت، اتحادیوں سے تعلقات اور مشرق وسطیٰ میں تزویراتی ترجیحات کسی ایک انتخابی نتیجے سے تبدیل نہیں ہوتیں۔ البتہ کانگریس کی نئی سیاسی ترتیب صدر کے اختیارات پر نگرانی بڑھا سکتی ہے اور سفارتی حل کے لیے داخلی سیاسی جواز پیدا کر سکتی ہے۔

مشرق وسطیٰ میں ایک اور اہم تبدیلی اسرائیل کی داخلی سیاست میں سامنے آئی ہے۔ وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کی پارلیمانی اکثریت کھونے کے بعد اپوزیشن رہنما یائر لاپید کو حکومت تشکیل دینے کی دعوت ملنا اسرائیلی سیاست میں ایک نئے مرحلے کا آغاز ہے۔ آنجہانی کی جانب سے لیکوڈ پارٹی اور انتہائی دائیں بازو کے بعض سیاسی عناصر کو اپنی ممکنہ حکومت میں شامل ہونے کی دعوت اس حقیقت کو نمایاں کرتی ہے کہ اسرائیل کی سیاست اب محض جماعتی وابستگیوں کے گرد نہیں بلکہ قیادت، سلامتی اور جنگی پالیسیوں کے مستقبل کے گرد بھی گھوم رہی ہے۔ تاہم حکومت سازی کے لیے مقررہ مدت مختلف جماعتوں کے متضاد نظریات اور وزارت عظمیٰ کے منصب پر اتفاقات ان کے لیے بڑے چیلنج ثابت ہو سکتے ہیں۔ صدی کی دعوت مل جانا اقتدار کی ضمانت نہیں لیکن یہ تاہم یہودی سیاسی گرفت میں کمزوری کا واضح اشارہ ضرور ہے۔ مجموعی طور پر عالمی سیاست کا موجودہ منظر نامہ اس حقیقت کو آشکار کرتا ہے کہ طاقت کا استعمال وقتی برتری تو فراہم کر سکتا ہے، مگر مستقل سیاسی استحکام کی ضمانت نہیں بن سکتا۔ امریکا کو ایران کے ساتھ تنازعے کے حل کے لیے دھمکیوں کے بجائے بامعنی مذاکرات کو ترجیح دینا ہوگی، ایران کو بھی دفاعی تیاری کے ساتھ سفارتی امکانات سے فائدہ اٹھانا ہوگا۔ جب کہ اسرائیل کی نئی سیاسی صف بندی کو فلسطینی مسئلے کے منصفانہ حل سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ قطر کی ثالثی، پاکستان سمیت علاقائی ممالک کی سفارتی معاونت اور عالمی اداروں کی مؤثر شمولیت اس بحران کو مزید پھیلنے سے روک سکتی ہے۔

گندم آٹا سیاست! کوٹہ سسٹم اور قومی خزانے کا ضیاع



رضوان آصف

پنجاب میں گندم اور آٹے کا معاملہ گزشتہ چار دہائیوں سے ایک ایسی معاشی اور انتظامی تجربہ گاہ بنا ہوا ہے جہاں ہر نئی حکومت نے اصلاحات کے دعوے کیے، لیکن بنیادی مسائل اپنی جگہ برقرار رہے۔ کبھی سرکاری خریداری، کبھی سہ ماہی ڈھنڈورا گندم، کبھی سستے آٹے کے اعلانات، کبھی سستی روٹی اسکیم اور کبھی مارکیٹ کو آزاد کرنے کے نام پر اچانک فیصلے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ قومی خزانے پر بھاری مالی بوجھ پڑا، کسان غیر یقینی کا شکار رہا، صارف مہنگے آٹے کی شکایت کرتا رہا اور فلور ملنگ انڈسٹری سرکاری پالیسیوں کی محتاج بنتی گئی۔ اس پورے نظام کا سب سے تشویش ناک پہلو یہ ہے کہ گندم اور آٹے کو معاشی حقائق کے بجائے سیاسی مقبولیت اور انتظامی کنٹرول کے تناظر میں دیکھا جاتا ہے۔

ہر حکمران نے سستے آٹے کے اعلانات کو کامیابی کا پیمانہ بنایا، لیکن یہ بنیادی سوال ہمیشہ پس منظر میں رہا کہ اس رعایت کی حقیقی قیمت کون ادا کر رہا ہے، اس کا فائدہ کس کو پہنچ رہا ہے اور اس نظام کو مستقل طور پر چلانے کی مالی استطاعت حکومت کے پاس ہمیشہ موجود بھی ہے یا نہیں۔ پنجاب میں مختلف حکومتوں کی گندم خریداری اور اجرا کی پالیسیوں نے محکمہ خوراک کو ایک بڑے تجارتی اور مالی نظام کا ''کنٹرولر'' بنائے رکھا ہے۔ حکومت مہنگم خریدی، بینکوں سے قرض لیتی، ذخیرہ کرنے اور نقل و حمل کے اخراجات برداشت کرتی اور پھر رعایتی نرخوں پر گندم جاری کرتی ہے۔ پاکستان اسٹی ٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس کی تحقیق کے مطابق پنجاب کے گندم آبادیشرز سے متعلق گروشی قرضہ 2023 تک تقریباً 680 ارب روپے تک پہنچ چکا تھا جسے محسن نقوی اور مریم نواز نے بہت جرات، حکمت کے ساتھ استادا ہے۔ یہاں یہ سوال ضرور اٹھتا ہے کہ جب حکومتیں مسلسل بھاری مالی وسائل خرچ کر رہی تھیں تو گندم اور آٹے کی مارکیٹ تحکم کیوں نہ ہو سکی؟

کیا سرکاری پالیسیوں کا مقصد مستقل غذائی تحفظ تھا یا قیمتوں کو مارجنی اور مصنوعی طریقے سے کنٹرول کر کے سیاسی فائدہ حاصل کرنا تھا۔ یہ سوال بھی اٹھنا چاہیے کہ گزشتہ 15/20 سال میں گندم کی خریداری، ذخیرہ کرنے، قرضوں کے سود اور سہ ماہی ڈھنڈورا سرکاری اجرائی مکمل مالی تفصیلات عوام کے سامنے باقاعدگی سے کیوں نہیں رکھی جاتیں۔ جب اخراجات قومی خزانہ برداشت کرتا ہے تو ان کے نتائج کا حساب بھی عوام کے سامنے ہونا چاہیے۔ گزشتہ 15 ماہ میں بالخصوص کون سی فلور مل کو کتنی سرکاری گندم دی گئی اور کتنے پرمٹ جاری ہوئے، لاہور میں آٹا سپلائی کے نام پر دور دراز کی کون کون سی فلور ملز کو اندھا دھند نوازا گیا، یہ تفصیلات تو لازمی عوام کو بتانی چاہیے کیونکہ اس مخصوص عرصہ کے حوالے سے بہت سے الزامات اور تحفظات سامنے آچکے ہیں۔

پنجاب کی فلور ملنگ انڈسٹری میں سرکاری گندم کوٹہ سسٹم طویل عرصے سے اختلافات کا مرکز رہا ہے۔ اس نظام کا بنیادی تضاد یہ ہے کہ حقیقی پیداوار اور مارکیٹ میں آٹے کی فراہمی کے بجائے بعض ادوار میں رجسٹرڈ صلاحیت یا انتظامی فارمولوں کو زیادہ اہمیت دی گئی ہے۔ ایک فلور مل جو روزانہ سیکڑوں ٹن گندم پیستی ہے، مستقل ملازمین رکھتی ہے، بھاری بجلی کے بل ادا کرتی ہے اور مارکیٹ میں یومیہ آٹا فراہم کرتی ہے، اس کی معاشی حیثیت اس مل سے یکسر مختلف ہے جو طویل عرصے سے بند یا انتہائی محدود پیداوار پر چل رہی ہو۔ اگر دونوں کو حقیقی پیداوار سے قطع نظر یکساں کوٹہ ملے تو یہ نظام کارکردگی کے بجائے فوڈ گرین لائسنس رکھنے کو ناجائز معاشی فائدے کا ذریعہ بنا سکتا ہے۔

آج کل پھر سے یکساں سرکاری گندم کوٹہ کا مطالبہ زور پکڑ رہا ہے، مطالبہ کرنے والوں میں بہت سے لوگ واقعی مالی طور پر کمزور ہیں اور چاہتے ہیں کہ مزید کچھ عرصہ کے لیے حکومت ان کا ''سہارا'' بن جائے تاکہ وہ مارکیٹ میں کچھ جگہ بنا سکیں مگر مطالبہ کرنے والے بہت سے ایسے ہیں جنھوں نے ماضی میں آٹا مارکیٹ سپلائی کرنے کی بجائے صرف سرکاری گندم فعال ملز کو فروخت اور بہت سے ایسے ہیں جنھوں نے مقررہ مقدار سے کم سرکاری آٹا سپلائی کیا، ان افراد سے یہ سوال تو پوچھا جانا چاہیے کہ کیا پنجاب میں بعض فلور ملز آٹا تیار کرنے کے لیے قائم ہوئیں یا سرکاری گندم کوٹہ حاصل کرنے کے لیے؟ اگر گرسی صنعتی یونٹ کی آمدن کا اہم ذریعہ پیداوار کے بجائے سرکاری رعایت تک رسائی بن جائے تو یہ صنعتی ترقی نہیں بلکہ پالیسی کی خرابی کی علامت ہے۔ ایسا نظام حقیقی سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی، غیر پیداواری صلاحیت کی بقا اور سرکاری گندم کے غلط استعمال کی ترغیبات پیدا کر سکتا ہے۔ اس کے باوجود ہر غیر فعال مل کو بدعنوان کہنا درست نہیں کبھی بھی الزام کا فیصلہ حقیقی پیمائی، اسٹاک اور فروخت کے مستند ریکارڈ سے ہونا چاہیے۔

فلور ملنگ انڈسٹری میں فعال اور غیر فعال ملز کے درمیان امتیاز محض کاروباری مسابقت نہیں بلکہ سرکاری گندم کی تقسیم، صنعتی نمائندگی اور پالیسی سازی میں اثر و رسوخ سے جڑا ہوا ہے۔ فعال ملز کا موقف ہے کہ حقیقی پیداوار، ملازمین، سرمایہ کاری اور مارکیٹ سپلائی کو کوٹہ تقسیم کرتے وقت بنیادی اہمیت ملنی چاہیے۔ دوسری جانب کم پیداوار یا بند ملز کے لیے یکساں مواقع اور رجسٹرڈ صلاحیت کی بنیاد پر تقسیم زیادہ فائدہ مند ہو سکتی ہے۔ لیکن اس تنازع کا ایک زیادہ نتیجہ خیز پہلو بھی ہے کہ کیا فلور ملز کی نمائندہ تنظیموں میں قیادت کی کشمکش صنعت کی اجتماعی بہتری کے لیے ہے یا سرکاری گندم کی تقسیم پر اثر و رسوخ حاصل کرنے کے لیے۔ کیا بعض لوگ کوٹہ سسٹم برقرار رکھنے میں معاشی مفاد رکھتے ہیں؟ کیا محکمہ خوراک کے فیصلے آزادانہ معاشی اصولوں پر ہوتے ہیں یا منظم کاروباری دباؤ بھی ان پر اثر انداز ہوتا ہے؟ یہ وہ سوالات ہیں جن کا جواب محض سرکاری محکموں یا ایسوسی ایشن کے بیانات سے نہیں بلکہ کوٹہ ریکارڈ، ملز کی حقیقی پیداوار، پالیسی فیصلوں اور مالی مفادات کی شفاف جانچ سے مل سکتا ہے۔

اسی طرح صرف بڑی اور پہلے سے فعال ملز کو فائدہ پہنچانے والا نظام بھی قابل قبول نہیں ہوگا۔ نئی، چھوٹی یا مالی مشکلات سے دوچار ملز کے لیے منصفانہ مواقع ضروری ہیں، ورنہ اصلاحات کے نام پر صنعت میں چند بڑے گروپوں کا غلبہ بڑھ سکتا ہے۔ اس وقت محکمہ خوراک ریگولیٹر بھی ہے، تاجر بھی اور منصف بھی ہے۔ پنجاب کے گندم آٹا نظام میں ایک بنیادی محکمانہ تضاد یہ رہا ہے کہ حکومت گندم کی خریدار، ذخیرہ کنندہ، قیمت مقرر کرنے والی اور تقسیم کی نگران بھی ہے، جب ایک ہی انتظامی نظام کو اتنے وسیع اختیارات حاصل ہوں تو شفافیت، احتساب اور مفادات کے ٹکراؤ کے سوالات ناگزیر ہو جاتے ہیں۔ گندم خریداری کے اہداف، سرکاری ذخائر، کوٹہ منظوری، اجرا کے احکامات اور ملز کی نگرانی جیسے فیصلوں میں انتظامی سوابدید جتنی زیادہ ہوگی، غیر ضروری اثر و رسوخ اور بدعنوانی کے مواقع بھی اتنے ہی بڑھ سکتے ہیں۔

جب تک حکومتیں گندم اور آٹے کو سیاسی مقبولیت کے ہتھیار کے بجائے معاشی حقیقت سمجھ کر پالیسی نہیں بنائیں گی، محکمہ خوراک کے اختیارات شفاف نہیں ہوں گے اور فلور ملنگ انڈسٹری میں حقیقی مسابقت پیدا نہیں ہوگی، اس شعبے کے بحران اور مفادات کی کشمکش برقرار رہنے کا خدشہ رہے گا۔ گندم عوام کی غذائی ضرورت ہے، سیاسی تشہیر کا سامان نہیں اور فلور ملنگ ایک صنعت ہے، سرکاری کوٹہ حاصل کرنے کا کاروبار نہیں۔

بجلی پھر مہنگی، زندگی مزید مشکل!



صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

ابھی لوگ چند دن کے اندر پٹرول کی قیمت میں نمایاں کمی پر پوری طرح خوش بھی نہیں ہو پائے تھے کہ ان کی خوشی کا گلا گھونٹنے کے لیے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 2 روپے 36 پیسے اضافہ کر کے حکومت نے اپنی آمدنی میں کمی کا ازالہ کر لیا ہے۔

جونہی حکومت کی طرف سے بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا اعلان ہوتا ہے عوام کے چہروں پر پھیلی پریشانی کی لکیریں مزید گہری ہو جاتی ہیں۔ ابھی لوگ گزشتہ بلوں کے صدمے سے سنبھل نہیں پاتے کہ بجلی کی قیمت میں ایک اور اضافے کی خبر ان کے لیے نئی آزمائش بن کر سامنے آجاتی ہے۔ ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے تازہ خبر بھی کچھ ایسی ہی ہے کہ ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 2 روپے 36 پیسے اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اس اضافے کا اطلاق کے الیکٹرک سمیت ملک بھر کی بجلی تقسیم کار کمپنیوں کے صارفین پر ہوگا۔ دوسری جانب صنعتی اور زرعی صارفین کو اضافی بجلی کے استعمال پر فراہم کیے جانے والے رعایت میں بھی 2 روپے 32 پیسے فی یونٹ کمی کر دی گئی ہے۔ سوال یہ ہے کہ آخر عوام کب تک بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ برداشت کرتے رہیں گے؟

بجلی آج محض گھروں کو روشن کرنے یا پنکھے چلانے کا ذریعہ نہیں بلکہ جدید زندگی، صنعت، زراعت، تجارت اور کاروبار کا بنیادی جزو بن چکی ہے۔ بجلی مہنگی ہوتی ہے تو اس کے اثرات صرف بجلی کے بل تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورا معاشی نظام اس کی لپیٹ میں آجاتا ہے۔ گھریلو صارفین کے لیے بجلی کا بل ماہانہ آمدن کا ایک بڑا حصہ نگل جاتا ہے، جبکہ محدود آمدنی والے خاندانوں کے لیے بجلی کا بھاری بل ادا کرنا کسی امتحان سے کم نہیں ہوتا۔ ایک طرف بچوں کی تعلیم، علاج، مکان کا کرایہ اور روزمرہ ضروریات ہیں، دوسری طرف بجلی کے بل ہے جسے ادا نہ کرنے کی صورت میں کنکشن منقطع ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔

مہنگی بجلی کا سب سے بڑا اور دور رس اثر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ صنعتوں میں مشینیں چلانے، خام مال کی تیاری، مصنوعات کی پیکنگ اور انہیں منڈیوں تک پہنچانے کے لیے توانائی درکار ہوتی ہے۔ جب بجلی کے نرخ بڑھتے ہیں تو پیداواری لاگت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ صنعت کار اس اضافی خرچ کو اپنی جیب سے برداشت کرنے کے بجائے مصنوعات کی قیمتوں میں شامل کر دیتا ہے۔ یوں ایک فیکٹری میں بجلی کی قیمت بڑھنے کا اثر بالآخر دکان پر فروخت ہونے والی چیز کی قیمت میں اضافے کی صورت میں عام صارف کو بھگتنا پڑتا ہے۔

یہ سلسلہ یہیں ختم نہیں ہوتا۔ مہنگی بجلی سے ٹرانسپورٹ، گوداموں، کولڈ اسٹوریج، آٹا ملوں، چاول کی چھڑائی، کپڑے کی صنعت اور دیگر کاروباری شعبوں کے اخراجات بھی بڑھتے ہیں۔ جب اشیاء کی پیداواری اور ترسیلی لاگت میں اضافہ ہوتا ہے تو ٹرانسپورٹ کے کرائے بھی بڑھ جاتے ہیں۔ بسوں، ویگنوں، ٹرکوں اور مال بردار گاڑیوں کے اخراجات میں اضافے کا بوجھ مسافروں اور تاجروں پر منتقل ہوتا ہے۔ نتیجتاً مسافر کو سفر کے لیے زیادہ کرایہ ادا کرنا پڑتا ہے اور تاجر کو مال کی ترسیل مہنگی پڑتی ہے۔ یہ اضافی خرچ بھی بالآخر اشیاء کی قیمتوں میں شامل ہو جاتا ہے۔ گویا بجلی کے ٹرخوں میں معمولی اضافہ بھی مہنگائی کی ایک طویل زنجیر کو حرکت دے دیتا ہے۔

زرعی شعبہ بھی اس صورت حال سے محفوظ نہیں۔ ٹیوب ویلوں کے ذریعے آبپاشی کرنے والے کسان پہلے ہی مہنگے ڈیزل، کھاد، بیج، زرعی ادویات اور مزدوری کے اخراجات سے پریشان ہیں۔ بجلی مہنگی ہونے سے آبپاشی مزید مہنگی ہو جاتی ہے، جس کا اثر فصلوں کی پیداواری لاگت پر پڑتا ہے۔ کسان اپنی محنت اور سرمایہ کاری کے بعد جب فصل منڈی میں لاتا ہے تو اسے مناسب معاوضہ ملنے کی ضمانت بھی نہیں ہوتی۔ دوسری طرف مہنگی پیداوار کا بوجھ صارف کو آٹا، سبزیاں، پھل، دودھ اور دیگر غذائی اشیاء کی بلند قیمتوں کی صورت میں برداشت کرنا پڑتا ہے۔

صنعتی شعبے کے لیے بھی یہ صورت حال کسی خطرے سے کم نہیں۔ پاکستان کی صنعتیں پہلے ہی عالمی منڈی میں مسابقت، مہنگے خام مال، ٹیکسوں اور مالیاتی مشکلات کا سامنا کر رہی ہیں۔ بجلی کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے پیداواری لاگت بڑھتی ہے، برآمدی مصنوعات مہنگی ہوتی ہیں اور عالمی منڈی میں مقابلے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض صنعتیں اپنی پیداوار محدود کرنے یا کاروبار بند کرنے پر مجبور ہو جاتی ہیں۔ اس کا نتیجہ بے روزگاری، سرمایہ کاری میں کمی اور مکلی معیشت کی سست روی کی صورت میں نکلتا ہے۔

حکومت کی جانب سے بجلی اور گیس کی سبسڈی کا نیا طریقہ کار متعارف کرانے اور موجودہ سلیب ختم کرنے کی تیاری بھی اپنی جگہ اہم معاملہ ہے۔ مہنگی بجلی صرف ایک یوٹیلیٹی بل کا مسئلہ نہیں بلکہ مہنگائی، بے روزگاری، غربت اور کاروباری زوال سے جڑا ہوا ایک بنیادی معاشی مسئلہ ہے۔ حکومتیں عوام کو ریلیف دینے کے دعوے تو بہت کرتی ہیں، لیکن اصل ریلیف اس وقت ملے گا جب بجلی کے بل عام آدمی کی پہنچ میں ہوں گے، کارخانوں کے پہیے تیزی سے گھومیں گے، کسان کو سستی آبپاشی میسر ہوگی اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام آئے گا۔ آخر کب تک عوام بجلی کے بلوں کے ساتھ مہنگائی کا اضافی بوجھ بھی اٹھاتے رہیں گے؟

سپورٹس

وسیم اکرم کے بیٹے تیمور اکرم کی ایم ایم اے فائٹ میں کامیابی



امریکہ (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان وسیم اکرم کے بیٹے تیمور اکرم کی (مکسڈ مارشل آرٹس) ایم ایم اے فائٹ میں شاندار کامیابی۔ امریکہ میں ہونے والی فائٹ میں تیمور نے امریکی فائٹر کو شکست دی۔ تین راؤنڈ کے مقابلے میں تیمور اکرم نے پوائنٹس پر حریف فائٹر امریکہ کے کک سیملک کو مات دی۔ واضح رہے کہ مکسڈ مارشل آرٹس فائٹر تیمور اکرم کی یہ مسلسل چوتھی فائٹ میں کامیابی ہے۔ سابق کپتان وسیم اکرم نے اپنے بیٹے کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بیٹے نے فائٹ میں شاندار مقابلہ کیا، مجھے اس پر فخر ہے۔ وسیم اکرم نے مزید کہا کہ میں تو بیٹے کی فائٹ پر حیران بھی تھا اور پریشان بھی، انجوائے کیا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان وسیم اکرم کے بیٹے تیمور اکرم کی (مکسڈ مارشل آرٹس) ایم ایم اے فائٹ میں شاندار کامیابی۔ امریکہ میں ہونے والی فائٹ میں تیمور نے امریکی فائٹر کو شکست دی۔ تین راؤنڈ کے مقابلے میں تیمور اکرم نے پوائنٹس پر حریف فائٹر امریکہ کے کک سیملک کو مات دی۔

فیفا ورلڈ الیون: میسی ریکارڈ 18 ویں بار ٹیم میں شامل، ہیری کین اور رونالڈو جگہ نہ بنا سکے

لزبن (این این آئی) فٹبال کی عالمی تنظیم فیفا نے 2026 کی مردوں اور خواتین کی ورلڈ الیون ٹیموں کا اعلان کر دیا۔ ارجنٹائن کے سپر اسٹار لیونل میسی نے ایک بار پھر جگہ بنا کر اپنی شاندار کارکردگی اور مقبولیت کا ثبوت دے دیا۔ 39 سالہ میسی کو دنیا بھر کے پروفیشنل فٹبالرز کی ووٹنگ کے ذریعے منتخب کیا گیا۔ یہ ان کی ورلڈ الیون میں ریکارڈ 18 ویں مرتبہ شمولیت ہے۔ وہ آخری بار 2023 میں اس ٹیم کا حصہ بنے تھے۔ انٹرمیامی کی نمائندگی کرنے والے میسی مردوں کی ٹیم میں یورپ سے باہر کے کسی کلب سے منتخب ہونے والے واحد کھلاڑی ہیں۔ مردوں کی ٹیم میں میسی کے ساتھ کائیلیان ایمباپے، ایرلنگ ہالینڈ اور لامین یامال کو فارورڈز میں شامل کیا گیا۔

سابق انٹرنیشنل فٹبالر واجیز یکٹو ممبر پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) عابد حسین کو یوتھ ایجوکیشن اینڈ سپورٹس (YES) ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ راولپنڈی کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سابق انٹرنیشنل فٹبالر و ایگزیکٹو ممبر پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) عابد حسین کو یوتھ ایجوکیشن اینڈ سپورٹس (YES) ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ راولپنڈی کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا۔ تنظیم کی ایگزیکٹو باڈی نے متفقہ طور پر عابد حسین کو اعزازی چیئرمین مقرر کرنے کیلئے قرارداد منظور کی، جس پر انہوں نے یہ عہدہ قبول کر لیا۔ اس موقع پر عابد حسین نے کہا کہ یوتھ ایجوکیشن اینڈ سپورٹس ویلفیئر سوسائٹی نوجوان نسل کی تعلیم و تربیت اور خصوصاً کھیلوں کے فروغ کیلئے بے لوث خدمات سرانجام دے رہی ہے، انشاء اللہ بطور چیئرمین نوجوان نسل کو کھیلوں کی سہولیات سمیت زیادہ سے زیادہ مثبت سرگرمیوں اور مقابلوں کے مواقع فراہم کریں گے۔



مائیک ہیسن ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ تک ریڈ بال ہیڈ کوچ رہیں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کا ٹیسٹ کرکٹ کے لیے الگ ہیڈ کوچ تلاش کرنے کا تاحال کوئی پلان نہیں۔ ذرائع کے مطابق مائیک ہیسن ہی رواں ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے اختتام تک ریڈ بال ہیڈ کوچ ہوں گے۔ ذرائع نے کہا ہے کہ مائیک ہیسن آئندہ سال نیوزی لینڈ کے خلاف ہوم ٹیسٹ سیریز میں بھی ریڈ بال ہیڈ کوچ ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق ٹیسٹ اسکواڈ کے کھلاڑیوں کو مائیک ہیسن کی ریڈ بال ذمہ داریوں سے آگاہ کر دیا گیا ہے جبکہ مائیک ہیسن نے بھی کھلاڑیوں کے سامنے مستقبل میں بھی ریڈ بال کوچنگ کی ذمہ داریاں سنبھالنے کا اعتراف کیا ہے۔ ذرائع کا یہ بھی بتانا ہے کہ مستقل ریڈ بال ہیڈ کوچ نہ ہونے کے باوجود مائیک ہیسن کی کوچنگ کا فیصلہ ورلڈ کپ 2027ء کے بعد کیا جائے گا۔

حمزہ ظہور کی سنچری، رکشہ ڈرائیور والد کی محنت کا نتیجہ قرار

لاہور (این این آئی) والد کی محنت کا ہی نتیجہ ہے کہ حمزہ ظہور نے بھارت کے خلاف شاندار سنچری اسکور کی۔ پاکستان انڈر 19 ٹیم کے بلے باز حمزہ ظہور کے والد آٹو رکشہ چلا کر اپنے خاندان کی کفالت کرتے رہے۔ باپ کی اسی محنت کا نتیجہ ہے کہ حمزہ ظہور نے بھارت کے خلاف انڈر 19 یوتھ میں شاندار سنچری اسکور کر کے پاکستان کا نام روشن کر دیا۔ کرکٹ کھیل ہے جنون کا اور اسی جنون کا نتیجہ ہے کہ لاہور کی تنگ گلیوں سے نکلنے والے نوجوان حمزہ ظہور کی کامیابی پر آج نا صرف اس کا خاندان بلکہ پورا محلہ فخر کر رہا ہے۔ یہ گھر بظاہر عام سا ہے، گلی بھی تنگ، وسائل بھی محدود، لیکن گھر میں رہنے والے مکینوں کے خواب بہت بڑے

CamScanner

1 چیتھ

ضلع کوٹ سلیمان کی تحصیل چنار کوٹ میں واقع موضع ڈھوک نور محمد کے قریب 14 مرلے رقبہ پر مشتمل ایک رہائشی مکان برائے فروخت ہے۔ مکان میں 3 کمرے، باورچی خانہ، غسل خانہ اور صحن موجود ہے۔ مکان کی چھت لینٹر کی ہے اور دیواریں پختہ اینٹ کی ہیں۔ مکان کی مشرقی دیوار کے ساتھ 2 مرلے رقبہ پر مشتمل ایک کچا احاطہ بھی شامل ہے۔ مکان کا فاصلہ چنار کوٹ سے 7 کلومیٹر اور پختہ سڑک سے 1.5 کلومیٹر ہے۔ مکان کی موجودہ حالت اچھی ہے اور فوری طور پر قابلِ رہائش ہے۔ مکان کی قیمت 1,850,000 روپے مقرر کی گئی ہے۔ خریدار کو انتقال کے وقت 2 فیصد ٹرانسفر فیس ادا کرنی ہوگی۔ مکان کی رجسٹری کی تمام قانونی کارروائی خریدار کے ذمہ ہوگی۔ مکان کی چابی مالک مکان کے پاس ہے۔ مکان کی مزید تفصیل کے لیے مالک مکان سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ مکان کی خرید و فروخت کے تمام معاملات مالک مکان خود طے کرے گا۔

2 چیتھ

ضلع کوٹ سلیمان کی تحصیل چنار کوٹ میں واقع موضع ڈھوک نور محمد کے قریب 14 مرلے رقبہ پر مشتمل ایک رہائشی مکان برائے فروخت ہے۔ مکان میں 3 کمرے، باورچی خانہ، غسل خانہ اور صحن موجود ہے۔ مکان کی چھت لینٹر کی ہے اور دیواریں پختہ اینٹ کی ہیں۔ مکان کی مشرقی دیوار کے ساتھ 2 مرلے رقبہ پر مشتمل ایک کچا احاطہ بھی شامل ہے۔ مکان کا فاصلہ چنار کوٹ سے 7 کلومیٹر اور پختہ سڑک سے 1.5 کلومیٹر ہے۔ مکان کی موجودہ حالت اچھی ہے اور فوری طور پر قابلِ رہائش ہے۔ مکان کی قیمت 1,850,000 روپے مقرر کی گئی ہے۔ خریدار کو انتقال کے وقت 2 فیصد ٹرانسفر فیس ادا کرنی ہوگی۔ مکان کی رجسٹری کی تمام قانونی کارروائی خریدار کے ذمہ ہوگی۔ مکان کی چابی مالک مکان کے پاس ہے۔ مکان کی مزید تفصیل کے لیے مالک مکان سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ مکان کی خرید و فروخت کے تمام معاملات مالک مکان خود طے کرے گا۔

3 چیتھ

ضلع کوٹ سلیمان کی تحصیل چنار کوٹ میں واقع موضع ڈھوک نور محمد کے قریب 14 مرلے رقبہ پر مشتمل ایک رہائشی مکان برائے فروخت ہے۔ مکان میں 3 کمرے، باورچی خانہ، غسل خانہ اور صحن موجود ہے۔ مکان کی چھت لینٹر کی ہے اور دیواریں پختہ اینٹ کی ہیں۔ مکان کی مشرقی دیوار کے ساتھ 2 مرلے رقبہ پر مشتمل ایک کچا احاطہ بھی شامل ہے۔ مکان کا فاصلہ چنار کوٹ سے 7 کلومیٹر اور پختہ سڑک سے 1.5 کلومیٹر ہے۔ مکان کی موجودہ حالت اچھی ہے اور فوری طور پر قابلِ رہائش ہے۔ مکان کی قیمت 1,850,000 روپے مقرر کی گئی ہے۔ خریدار کو انتقال کے وقت 2 فیصد ٹرانسفر فیس ادا کرنی ہوگی۔ مکان کی رجسٹری کی تمام قانونی کارروائی خریدار کے ذمہ ہوگی۔ مکان کی چابی مالک مکان کے پاس ہے۔ مکان کی مزید تفصیل کے لیے مالک مکان سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ مکان کی خرید و فروخت کے تمام معاملات مالک مکان خود طے کرے گا۔

4 چیتھ

ضلع کوٹ سلیمان کی تحصیل چنار کوٹ میں واقع موضع ڈھوک نور محمد کے قریب 14 مرلے رقبہ پر مشتمل ایک رہائشی مکان برائے فروخت ہے۔ مکان میں 3 کمرے، باورچی خانہ، غسل خانہ اور صحن موجود ہے۔ مکان کی چھت لینٹر کی ہے اور دیواریں پختہ اینٹ کی ہیں۔ مکان کی مشرقی دیوار کے ساتھ 2 مرلے رقبہ پر مشتمل ایک کچا احاطہ بھی شامل ہے۔ مکان کا فاصلہ چنار کوٹ سے 7 کلومیٹر اور پختہ سڑک سے 1.5 کلومیٹر ہے۔ مکان کی موجودہ حالت اچھی ہے اور فوری طور پر قابلِ رہائش ہے۔ مکان کی قیمت 1,850,000 روپے مقرر کی گئی ہے۔ خریدار کو انتقال کے وقت 2 فیصد ٹرانسفر فیس ادا کرنی ہوگی۔ مکان کی رجسٹری کی تمام قانونی کارروائی خریدار کے ذمہ ہوگی۔ مکان کی چابی مالک مکان کے پاس ہے۔ مکان کی مزید تفصیل کے لیے مالک مکان سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ مکان کی خرید و فروخت کے تمام معاملات مالک مکان خود طے کرے گا۔

5 چیتھ

